# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April, 11, 2025

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تعلیمی سال دو ہزار پچیس اور چھبیس کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخ بڑھا کر تیرہ اپریل کر دی گئی ہے؛ چودہ اپریل سے پندرہ اپریل کے درمیان فارم میں تبدیلی کرنے کے لیے فارم دستیاب ہوں گے**

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یو جی، پی جی، پی جی ڈپلوما، ایڈوانسڈ ڈپلوما، ڈپلوما اور سرٹیفکٹ کورسیز میں درخواست دینے کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اسے تیرہ اپریل دو ہزار پچیس کر دیا گیا ہے۔ بڑی تعداد میں درخواست دہندگان کی طرف سے درخواست دینے کے لیے مزید وقت کی درخواست کے پیش نظر مقتدر اعلی نے ایسی درخواستوں پر از راہ کرم توجہ کرتے ہوئے فارم بھرنے کی آخری تاریخ دس اپریل سے بڑھا کر تیرہ اپریل کر دی ہے۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا ''ہم نے فارم بھرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کا فیصلہ کیا ہے تا کہ ملک کے دور دراز علاقوں سے خاص طور سے دیہی اور جغرافیائی لحاظ سے پس ماندہ علاقوں کے امیدواروں کے لیے جھیں ڈیجیٹل رسائی اور بجلی کی قلت سے تکنیکی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے یا کسی بھی جائز وجوہات کی وجہ سے فارم نہیں بھر سکے تھے انھیں پریشانی نہ ہو اور آنے والے تعلیمی سال میں فارم بھرنے کے لیے ان کے پاس وقت ہو۔''

خواہش مند طلبہ اب جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تعلیمی سال دو ہزار پچیس اور چھبیس کے لیے جامعہ ایڈمیشن پورٹل پر جا کر مختلف کورسیز میں فارم بھرنے کے لیے تین دن کی توسیع سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

یاد رہے کہ داخلہ فارم میں تبدیلی چودہ اور پندرہ اپریل دو ہزار پچیس تک کی جا سکتی ہے۔ ایڈمیشن پورٹل پر آن لائن داخلہ فارم دستیاب ہے جس کا ایڈریس یہ ہے:

https://admission.jmi.ac.in

قومی اور بین الاقوامی رینکنگ کی وجہ سے جامعہ ایک اہم ترین ترجیح کے طور پر مرکزی یونیورسٹی بن چکی ہے۔قابل ذکر ہے کہ این آئی آر ایف رینکنگ دو ہزار چوبیس میں جامعہ ملیہ اسلامیہ نے لگا تار تیسری مرتبہ یونیورسٹی زمرے میں تیسرا مقام حاصل کیا اور اسے ناک، وزارت تعلیم کی جانب سے اعلیٰ ترین گریڈ اے پلس پلس بھی مل چکا ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی